آئندہ طباعت میں ان کو درست کیا جا سکے۔

بہرحال کتاب ہر لحاظ سے بہت خوب اور بہت معیاری ہے، باطنی خوبیوں کے علاوہ ظاہری زیب و زینت سے بھی مالا مال ہے، ہندوستان کے مشہور خطاط منشی خلیق احمد ٹونکی صاحب نے اس کی کتابت و تزئین کی ہے اور اسی اہتمام سے اس کی طباعت ہوئی ہے۔ امید ہے کہ یہ کتاب سبھی حلقوں میں پسند کی جائے گی اور مقبول ہوگی۔

حیاتِ شیخ عبدالحق محدث دہلوی

مؤلف پروفیسر خلیق احمد نظامی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔

"حیات شیخ عبدالحق" ملک کے اسی سرمایۂ نازش و افتخار فرد کے سوانح حیات اور علمی و مذہبی کارناموں کی ایک عظیم الشان "انسائیکلوپیڈیا" ہے۔ یہ کتاب پانچ حصوں پر مشتمل ہے پہلے حصہ میں شیخ کے مکمل سوانح حیات دیئے گئے ہیں جن کے جمع کرنے میں تلاش و تحقیق کا کوئی گوشہ باقی نہیں چھوڑا۔ دوسرے حصہ میں ان کی تمام تالیفات کی تفصیل دی گئی ہے تیسرے حصہ میں شیخ کے اہم معصروں کے حالات بیان کیے گئے ہیں جیسے حضرت مجدد الف ثانیؒ حضرت شاہ ابوالمعالی، علامہ فیضی، عبدالرحیم خانخاناں وغیرہ، حصہ چہارم شیخ محدث کی اولاد اور کارناموں کے بیان میں ہے۔ پانچویں حصہ میں شیخ کے علمی اور دینی کارناموں کی ایمان افروز تفصیلات مندرج ہیں

کتاب کے آخر میں بعض نہایت اہم مکتوبات درج کیے گئے ہیں وہ خط خاص طور پر پڑھنے کے لائق ہے جو شیخ نے حضرت مجدد الف ثانی کے نام تحریر کیا ہے۔

قیمت غیر مجلد/ ۱۲

منیجر مکتبہ برہان اردو بازار جامع مسجد دہلی۔